Charter Revision Commission

یہ دستاویز چارٹر ریویژن کمیشن 2024 (کمیشن) کے عملہ کی ابتدائی سفارشات کے خلاصہ پر مشتمل ہے۔ نیویارک شہر کے پورے چارٹر کا جائزہ، کمشنروں کے ساتھ تبادلہ خیال، عوامی فیڈ بیک، ماہرین کی تصدیق، تحقیق اور چھان بین کے بعد، اس رپورٹ میں عملہ نے کمشنر کے غور وخوض اور عوامی جائزے کے لیے چند مخصوص خیالات اور تجاویز پیش کی ہیں۔

ان سفارشات کا مقصد کمشنروں کو اپنے کام کے بارے میں آگاہ کرنا ہے۔ وہ کمیشن کی حتمی سفارشات نہیں ہیں یا کسی بھی طرح کمشنروں کے لیے پابند نہیں ہیں۔

## پس منظر

نیویارک شہر کا چارٹر مقامی آئین کی حیثیت رکھتا ہے اور اس سے نیو یارک سٹی کی حکومت کے ڈھانچے، اختیارات اور ذمہ داریوں کا تعین ہوتا ہے۔ چارٹر سے شہر کے سیاسی نظام کے اداروں کا قیام اور ان کے طریق کار طے ہوتا ہے اور شہر کی ایجنسیوں اور وسیع پیمانے پر منتخب حکام، بشمول میئر، سٹی کونسل، کمپٹرولر، حلقہ کے صدور، اور پبلک ایڈوکیٹ کے اختیارات اور ذمہ داریوں کی وضاحت ہوتی ہے۔

21 مئی 2024 کو، میئر ایرک ایڈمس نے 2024 چارٹر ریویژن کمیشن قائم کیا اور کارلو سیسورا (Carlo Scissura) کو چیئرمین مقرر کیا، اور 12 دیگر کمیونٹی لیڈروں کو کمیشن میں خدمات انجام دینے کے لیے مقرر کیا۔ میئر نے کمیشن کو پورے چارٹر کا جائزہ لینے کی ذمہ داری دی تاکہ یہ یقینی بنایا جا سکے کہ یہ مؤثر طریقے سے کام کرے اور نیویارک کے تمام باشندوں کے تئیں جوابدہ ہو۔ میئر نے کمیشن سے یہ بھی مطالبہ کیا کہ وہ بالخصوص اس بات کا جائزہ لے کہ آیا عوامی تحفظ اور مالیاتی ذمہ داری کو فروغ دینے کے لیے چارٹر میں ترمیم کی جا سکتی ہے۔

## عوامی رسائی اور عوام کی شرکت

اپنے قیام کے بعد سے، کمیشن نے نیو یارک شہر کو بنانے والے متنوع طبقات اور اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے خیالات حاصل کرنے کے لیے مضبوط عوامی رسائی کی مہم چلائی ہے۔ آج تک کی جانے والی ان کوششوں میں یہ اقدامات شامل ہیں:

- کمیشن کی تمام سماعتوں اور اجلاسوں کی لائیو ویب کاسٹ؛
- سماعت کے نوٹس، پریس ریلیز، ٹرانسکرپٹس، قراردادوں، محفوظ کردہ ویڈیو، اور دیگر مواد کو کمیشن کی ویب سائٹ: www.nyc.gov/charter پر شائع کرنا؛
- کمیشن سے ذاتی طور پر مخاطب ہونے کے لیے عوام کو متعدد مواقع فراہم کرنے کی کوشش کے تحت ہر حلقہ کے قابل رسائی مقامات پر دن کے وقت اور شام کو دونوں اوقات کے دوران عوامی سماعتوں کا انعقاد؛
- تمام عوامی سماعتوں کے دوران ورچوئل عوامی شہادت کا موقع دینا تاکہ نیو یارک کے باشندوں کو اپنے کسی بھی شیڈیول کے مطابق اپنی بات رکھنے کا موقع ملے؛
- تمام سماعتوں اور عوامی اجلاسوں میں ترجمے کی خدمات؛
- عوامی سماعتوں کے بارے میں بیداری پیدا کرنے کے واسطے ٹیلی ویژن انٹرویوز، کمیونٹی اخبارات میں اختیاری اشتہار، اور چیئرمین کے ساتھ گروہی اور کمیونٹی سطح پر گول میز مباحثے؛
- کمیشن کی سماعتوں کے بارے میں باتیں پھیلانے کے لیے منتخب حکام اور سماجی تنظیموں کے ساتھ مل کر کام کرنا؛ اور
- 12 جولائی تک charterinfo@citycharter.nyc.gov پر تحریری شہادتیں قبول کرنا۔

## بورو کی سماعتوں کی آئندہ تاریخیں

یہ رپورٹ جاری ہونے کے بعد، کمیشن عوامی رائے حاصل کرنے کے لیے مزید کوششیں کرے گا۔ آئندہ عوامی سماعتوں کا شیڈول nyc.gov/charter پر دستیاب ہے۔ فی الحال طے شدہ عوامی سماعتوں میں یہ تاریخیں شامل ہیں:

| | |
|---|---|
| **بروز بدھ، جون 26، 2024، بوقت شام 5:00 – 8:00 بجے**<br><br>NYC Department of Design and Construction<br>30-30Thomson Ave<br>Queens, NY 11101 | **بروز پیر، جون 24، 2024، بوقت شام 5:00 – 8:00 بجے**<br><br>Curtis High School<br>105Hamilton Avenue<br>Staten Island, NY 10301 |
| **بروز پیر، جولائی 8، 2024، بوقت شام 5:00 – 8:00 بجے**<br><br>Schomburg Center for Research in Black Culture<br>515Malcolm X Boulevard (at 135th Street)<br>New York, NY 10037 | **بروز جمعرات، جون 27، 2024، بوقت شام 5:00 – 8:00 بجے**<br><br>Medgar Evers College<br>1650Bedford Avenue<br>Brooklyn, NY 11225 |

| بروز منگل، جولائی 9، 2024، بوقت شام 5:00 – 8:00 بجے | بروز جمعرات، جولائی 11، 2024، بوقت شام 5:00 – 8:00 بجے |
|---|---|
| Staten Island University Hospital North<br>475Seaview Avenue<br>Staten Island, NY 10305 | Fordham University<br>441East Fordham Road<br>Bronx, NY 10458 |

## مالیاتی ذمہ داری

چارٹر کا تقاضا ہے کہ ہر سال میئر متوازن بجٹ تجویز کرے اور سٹی کونسل اس کو اختیار کرے۔[1] بجٹ، جو کونسل اور میئر دونوں کی مشترکہ بجٹ کی ترجیحات پر مشتمل ہوتا ہے، وہ دو بنیادی مقاصد کو پورا کرتا ہے۔ پہلا، اس سے مالی سال کے دوران شہر کے اخراجات اور محصولات کے لیے جامع اور قابل پیش گوئی ڈھانچہ فراہم ہوتا ہے۔ دوسرا، اس سے درست مالیاتی نظم کو فروغ ملتا ہے۔

اگرچہ ہر سال شہر کے بجٹ کا جائزہ لینا اور اس کو منظوری دینا کونسل کی طرف سے کی جانے والی سب سے اہم قانون سازی کی کارروائی ہے، لیکن اس کی قانون سازی کا دائرہ سالانہ بجٹ کے پروسس سے بھی آگے ہے۔ کونسل کو بہت سے متنوع مسائل پر مجوزہ قانون کو اکثریتی ووٹ سے منظور کرنے کا اختیار حاصل ہے، اور وہ اس اختیار کو اکثر ایسی قانون سازی میں استعمال کرتی ہے جو بلدیاتی کام کاج بشمول سٹی سروسز اور فوائد پر اثرانداز ہوتی ہے۔

سٹی کونسل کی قانون سازی سے اکثر شہر کا بجٹ متاثر ہوتا ہے۔ اس حقیقت کے پیش نظر، چارٹر کا تقاضا ہے کہ کونسل، یا کونسل کی کوئی کمیٹی کسی مقامی قانون کو منظوری نہیں دے سکتی ہے، جب تک کہ اس میں مالی اثرات کا ذکر نہ ہو۔[2] سٹی کونسل کی مالیاتی ڈویژن کی طرف سے تیار کردہ کونسل کے اصول کے مطابق ان بیانات میں سٹی کونسل کے شہر کی محصولات اور اخراجات سے متعلق قانون کے مالی اثرات کے تخمینے کا تفصیل سے ذکر ہوتا ہے۔[3]

---

[1] چارٹر کے شیڈول میں اس توقع کی عکاسی ہوتی ہے کہ بجٹ کو اگلے مالی سال کے آغاز یا یکم جولائی تک منظور کرلیا جائے گا۔ N.Y.C. Charter §§ 225, 226.

[2] *Id.* at § 33.

[3] N.Y.C. کونسل رول 6.50 (جس میں کونسل کی مالیاتی ڈویژن کے جائزے کا التزام ہے)۔

کونسل عام طور پر مالیاتی اثرات کے بیانات صرف اسی وقت شائع کرتی ہے جب مجوزہ قانون سازی کو عنقریب بطور قانون اپنایا جانے والا ہو۔[4] اس کا مطلب یہ ہے کہ کسی قانون پر بیشتر عوامی بحث – بشمول مجوزہ بل پر کونسل کی عوامی سماعت – مالیاتی اثرات کے بیان کی عدم موجودگی میں ہوتی ہے۔[5] مزید برآں، ان بیانات میں حقیقی قیمت کا کم تخمینہ پیش کیا جاسکتا ہے۔

اس طرح، حالانکہ سالانہ بجٹ کا مقصد پورے مالی سال کے دوران شہر کے کام کاج کے لیے فنڈ فراہم کرنا ہوتا ہے، اس کے باوجود بجٹ کے عمل سے باہر منظور شدہ قانون سے ٹیکس محصولات کا استعمال اور سرکاری اخراجات متاثر نہیں ہوتے ہیں۔ جہاں مالیاتی اثرات والے مسودہ قانون کو منظور کیا جاتا ہے، تو یہ ایجنسیوں اور دفتر انتظامیہ اور بجٹ پر منحصر ہے کہ وہ اس بات کا تعین کرے کہ ایسی نئی ذمہ داریوں کے لیے کس طرح فنڈ فراہم کیا جائے جن کا مالی سال کے آغاز پر حساب نہیں کیا گیا تھا۔

## سرمایہ کی منصوبہ بندی

سرمایہ کی منصوبہ بندی سے نیو یارک سٹی اہم بنیادی ڈھانچے کی سرمایہ کاری کو حکمت عملی سے نافذ کرنے پر قادر ہوتی ہے۔

---

[4] یہ عام بات ہے کہ مالیاتی اثرات کا بیان مسودہ قانون کی پیشی کو منظوری دینے کے ہفتہ میں مرتب کیا جاتا ہے، اس سے پہلے نہیں۔ اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ مسودہ قانون کے حتمی متن کو عام طور پر کونسل کی مکمل اعلانیہ میٹنگ سے ایک ہفتہ قبل حتمی شکل دی جاتی ہے جس میں مکمل کونسل مسودہ قانون کو منظور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے - جزوی طور پر اس وجہ سے کہ بل کو کونسل کے مکمل ووٹ سے پہلے کم از کم 7 ایام (بشمول اتوار) کے اندر اپنی حتمی شکل میں موجود ہونا چاہئے۔ اس طرح، متعلقہ اخراجات عام طور پر صرف اس کیلنڈر ہفتہ میں پیش کیے جاتے ہیں جس کے دوران سٹی کونسل کی اعلانیہ میٹنگ طے ہوتی ہے تاکہ کونسل مجوزہ قانون سازی کو منظور کر سکے۔ N.Y.C. Charter § 36.

[5] مثال کے طور پر، اس بل کے لیے جو 2017 میں مقامی قانون نمبر 196 بنا، کونسل کی ابتدائی کمیٹی کی سماعت 31 جنوری 2017 کو منعقد ہوئی تھی، لیکن بل کا مالیاتی نوٹ 20 ستمبر 2017 تک شائع نہیں کیا گیا تھا، جن دن کمیٹی کی دوسری اور مسودہ قانون پر حتمی عوامی سماعت ہوئی، اور جو کہ 27 ستمبر 2021 کو اس کی منظوری سے ایک ہفتہ قبل کی تاریخ تھی۔

کمپٹرولر بریڈ لینڈر نے ایسی شہادت پیش کی ہے جس میں نیویارک سٹی کے مالیات کے نظم سے متعلق متعدد اقدامات کی سفارش کی گئی۔[6] ایک تجویز بنیادی ڈھانچے کے تجزیے، سرمائے کی منصوبہ بندی اور بجٹ سازی کے لیے شہر کے اپروچ کو جدید بنانے سے متعلق ہے۔[7] کمپٹرولر بنیادی ڈھانچے کے تجزیے اور دس سالہ کیپٹل اسٹریٹجی کے درمیان ربط کا واضح طور پر ذکر کرکے اور دس سالہ کیپٹل اسٹریٹجی میں زیر غور لائے جانے والے مخصوص تحفظات کی نشاندہی کرکے سفارش کرتے ہیں۔[8]

سرمائے کی منصوبہ بندی میئر ایڈمس کی اپنی انتظامیہ کے آغاز سے ہی ترجیح رہی ہے۔ نومبر 2023 میں، میئر اور کمپٹرولر نے شہر کا پہلا جامع کیپیٹل پروجیکٹس ٹریکر جاری کیا، جس سے صارفین کو اہم ایجنسیوں کے تمام بڑے سرمایہ جاتی پروجیکٹس کی حالت اور بجٹ ملاحظہ کرنے کا موقع ملتا ہے۔[9] میئر نے اب تک کا سب سے بڑا دس سالہ کیپٹل پلان جاری کیا ہے، ایسا منصوبہ جس میں نقل وحمل، رہائش، ماحولیاتی تحفظ اور اسکول کو ترجیح دی گئی ہے۔[10]

---

[6] دفتر نیو یارک سٹی کمپٹرولر بریڈ لینڈر، "نیویارک سٹی کے مالیاتی امور کو بہتر طریقے سے نظم کرنے کے لیے چارٹر پر نظرثانی سے متعلق کمپٹرولر لینڈر کی تجویز،" نیویارک سٹی کمپٹرولر بریڈ لینڈر؛ جون *7*، *2024*، https://comptroller.nyc.gov/newsroom/comptroller-lander-proposes-charter-revisions-to-better-manage-new-york-citys-finances/.

[7] *Id.*

[8] *Id.*

[9] دفتر میئر، "میئر ایڈمس، کمپٹرولر لینڈر نے شہر کے پہلے جامع کیپٹل پروجیکٹس ٹریکر کے ذریعہ کیپٹل پروسیس میں شفافیت اور احتساب پیش کیا ہے،" نیویارک سٹی کی سرکاری ویب سائٹ، نومبر 1، 2023، https://www.nyc.gov/office-of-the-mayor/news/837-23/mayor-adams-comptroller-lander-bring-transparency-accountability-capital-process-with.

[10] ثمر خورشید، "تیز اور کفایتی پروجیکٹس کے وعدے، ایڈمس کی انتظامیہ کیپٹل کنسٹرکشن ریفارمز پر عمل پیرا ہے، " *Gotham Gazette*، فروری 14، 2024، https://www.gothamgazette.com/city/11807-nyc-capital-construction-reforms-mayor-adams.

## بجٹ کی کارکردگی

میئر کے آفس آف منیجمنٹ اینڈ بجٹ نے یہ بھی تجویز کی ہے کہ چارٹر میں کچھ تکنیکی اصلاحات سے کارکردگی کو فروغ مل سکتی ہے اور اس بات کو یقینی بنا سکتا ہے کہ چارٹر کے ذریعے طے شدہ پروسس میں جدید حقائق کی عکاسی ہو۔

**عملہ کی سفارشات**

عملہ کی یہ سفارش ہے کہ کمیشن درج ذیل اقدامات کے بارے میں مزید غور کرے اور رائے طلب کرے:

(1) بجٹ پر مسودہ قانون کے مالی اثرات کے تجزیے کو بہتر کرے، بشمول قانون سازی کے عمل میں قبل از وقت مالیاتی اثرات کے جائزہ کا تقاضا کرکے اور تجزیہ کے عمل میں اضافی فریقوں کو شامل کرکے؛

(2) بجٹ سے متعلق چارٹر کے ذریعے طے شدہ عمل کو بجٹ کے اثرات والے قانون سالانہ اختصاص کے دائرہ عمل سے باہر پاس کرنے کے کونسل کے اختیار کے ساتھ ہم آہنگ کرے؛

(3) کیپٹل پلان انوینٹری اور دیکھ ریکھ کے تخمینوں سے متعلق دفعات کو اپ ڈیٹ کرے، بشمول بنیادی ڈھانچے کی تشخیص کو دس سالہ کیپٹل اسٹریٹجی سے منسلک کرنے کے مقصد کا واضح بیان شامل کرکے، اضافی متعلقہ تفصیلات کی عکاسی کرنے کے لیے انوینٹری میں ترمیم کرکے، اور دس سالہ سرمایہ کی حکمت عملی میں شامل کیے جانے والی سرمائے کی ضروریات کی نشاندہی کے لیے اضافی معیارات شامل کرکے؛ اور

(4) بجٹ کے پروسس میں کارکردگی کو فروغ دینے کے لیے حتمی میعاد اور متعلقہ تکنیکی تقاضوں کو جدید بنائے۔

# عوامی تحفظ

حکومت کی سب سے بنیادی ذمہ داریوں میں سے ایک عوامی تحفظ کو ملحوظ رکھنا ہے۔ نیو یارک سٹی کی تاریخ اس بات پر زور دیتی ہے کہ اجتماعی شکل میں شہر کی خوش قسمتی عوام کے تحفظ اور قانون نافذ کرنے والے اداروں پر عوام کا اعتماد برقرار رکھنے کی اس کی صلاحیت سے وابستہ ہے۔ آج، دہائیوں کی ترقی کے بعد، نیویارک سٹی امریکہ کے محفوظ ترین شہروں میں سے ایک

ہے۔ اس کے باوجود، نیویارک کے باشندے جرائم اور عوامی تحفظ کو اہم تشویشناک مسائل کے طور پر نشان زد کرتے رہتے ہیں۔[11]

شہر کے قانون ساز ادارے کے طور پر، سٹی کونسل عوامی تحفظ میں بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ بجٹ سازی کے عمل میں کونسل کے کردار سے شہر کی پبلک سیفٹی ایجنسی کے لیے دستیاب وسائل کا تعین کرنے میں مدد ملتی ہے۔[12] کونسل اکثر عوامی تحفظ کے تئیں ذمہ دار ایجنسیوں پر اثر انداز ہونے والے قانون بھی پاس کرتی ہے، یا جو بالواسطہ طور پر عوامی تحفظ کو فروغ دے سکتا ہے یا نادانستہ طور پر نقصان پہنچا سکتا ہے۔[13]

کمیشن نے کونسل کی جانب سے عوامی تحفظ سے متعلق قانون سازی کی منظوری کے بارے میں تشویش کا اظہار کرنے کی کافی گواہی سنی ہے جس میں عوامی رائے یا ماہرین، متاثرہونے والی ایجنسی اور اہم اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مشاورت کے محدود مواقع دیے گئے ہیں۔

### عملہ کی سفارشات

عملہ کی یہ سفارش ہے کہ کمیشن درج ذیل اقدامات کے بارے میں مزید غور کرے اور رائے طلب کرے:

(1) ضروری ہو تو شہر کی تیز رفتاری سے اقدام کرنے کی صلاحیت کو برقرار رکھتے ہوئے عوامی تحفظ سے متعلق قانون کے لیے سوچنے سمجھنے پروسس کو بہتر بنائے؛

---

[11] *See, e.g.*, Rebecca C. Lewis, "Siena poll: New Yorkers are still worried about crime," *City & State New York*, July 12, 2023, https://www.cityandstateny.com/politics/2023/07/siena-poll-new-yorkers-are-still-worried-about-crime/388402/ (یہ نوٹ کرتے ہوئے کہ نیو یارک کے باشندے عوامی پولنگ میں جرائم اور عوامی تحفظ کے بارے میں بدستور خدشات کا اظہار کرتے ہیں)۔

[12] *See, e.g.*, N.Y.C. Charter §§ 247, 253 (سٹی کونسل سے بجٹ سے متعلق سماعتوں کا انعقاد کرنے اور بجٹ کی سفارشات کرنے کا تقاضا کرتا ہے)۔

[13] ملاحظہ کریں، مقامی قانون نمبر 23 از 2024 (DOI کی درخواست کے 10 دنوں کے اندر NYPD کو DOI کے ساتھ باڈی والے کیمرے کی فوٹیج کا اشتراک کرنا مطلوب ہے)؛ مقامی قانون نمبر 20 از 2024 (جب کوئی فرد تلاشی کے لیے رضامندی سے انکار کرتا ہے تو NYPD رپورٹ مطلوب ہوتی ہے)؛ مقامی قانون نمبر 25 از 2024 (NYPD سے 1$ ملین یا اس سے زیادہ کے عطیات کو ظاہر کرنا مطلوب ہوتا ہے)؛ مقامی قانون نمبر 26 از 2024 (NYPD کو گاڑی روکنے کے جواز کی رپورٹ دینا درکار ہے)۔

(2) عوامی تحفظ سے متعلق قانون پر عوام، ایجنسی اور اہم اسٹیک ہولڈر کے معلومات کے مواقع کو مضبوط بنائے؛ اور

(3) عوامی تحفظ کو فروغ دینے کے لیے چارٹر پر نظر ثانی کرے۔

## حکومتی اصلاحات کی سفارشات

عملہ کی سفارش ہے کہ کمیشن درج ذیل باتوں کے بارے میں مزید رائے طلب کرے اور اس پر غور کرے:

1. MWBEs کو فراہم کی جانے والی خدمات کو بہتر بنانے اور ان کے استعمال کو فروغ دینے کے اقدامات کی چھان بین کرنا، بشمول اس مقصد کے لیے وقف شدہ نئی ایجنسی کے قیام کا مطالعہ کرنا۔
2. دفتر میئر برائے میڈیا و انٹرٹینمنٹ کے ملازمین کو چارٹر کے سیکشن 1072 پر نظرثانی کرکے فلم پرمٹس جاری کرنے کا اختیار دینا تاکہ محکمہ انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کمیونیکیشن (جس میں دفتر میئر برائے میڈیا و انٹرٹینمنٹ واقع ہے) کو فلم اور ٹیلی ویژن کی پرمٹ جاری کرنے کے لیے وہی اختیار اور اتھارٹی دی جا سکے جیسا کہ فی الحال سیکشن 1301 کے تحت محکمہ اسمال بزنس سروسز کو دیا گیا ہے؛
3. سیکشن 1122 کو منسوخ کرنا اور اشتہار کو سپرسیڈ کرنا۔ ضابطہ کی دفعات جن میں منتخب اہلکاروں کے لیے ضمانتی بانڈز کا التزام ہو۔
4. چارٹر کے سیکشن 643 اور 1301 پر نظرثانی کرنا تاکہ واٹر فرنٹ پراپرٹی کے تمام ڈھانچوں بشمول بحری ڈھانچے کی تعمیر اور تبدیلی کے لیے واٹر فرنٹ پرمیٹنگ کے پروسس کو DOB کے پاس منتقل کرنا؛
5. صاف ستھری گلیوں، فٹ پاتھ اور شہر کی ملکیت والی املاک کی سہولت فراہم کرنے کے لیے DSNY کی ذمہ داریوں کی وضاحت کرنے اور وسیع کرنے کے لیے چارٹر کے باب 31 میں اپ ڈیٹس کو دریافت کرنا؛
6. آرکائیول ریویو بورڈ اور آرکائیوز، ریفرنس اور ریسرچ بورڈ کو ادارہ میں ضم کرنا؛ اور

7. بلدیاتی کام کاج اور بجٹ کے لیے معلومات فراہم کرنے کے لیے مقامی معیار زندگی اور خدمات کی فراہمی کے حوالے سے باشندگان سے فیڈ بیک حاصل کرنا۔